معلوماتی پرچہ

MEDICARE1800 ایپ

MEDICARE1800ایپ سے کیا مراد ہے؟

MEDICARE1800ایپ سے آپ اپنے موبائل فون یا ڈیوائس پر اپنے My Health Record (میرا صحت کا ریکارڈ) میں شامل معلومات دیکھ سکتے ہیں اور انہیں ڈاؤن لوڈ، سٹور اور شیئر کر سکتے ہیں۔
MEDICARE1800 ایپ استعمال کرنے کے لیے آپ کے پاس انٹرنیٹ کنیکشن ہونا ضروری ہے۔

MEDICARE1800 ایپ کے کیا فوائد ہیں؟

- آپ **MEDICARE1800** ایپ کو My Health Record کو محفوظ طریقے سے کھولنے اور دیکھنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔
- **MEDICARE1800** ایپ کی ہوم سکرین پر موجود ٹائلز سے آپ جلد اور بآسانی معلومات تلاش کر سکتے ہیں۔
- **MEDICARE1800** میں میڈیکل ہسٹری ٹائم لائن سے آپ اپنی میڈیکل ہسٹری جلد اور بآسانی حاصل کر سکتے ہیں۔
- آپ سال اور کیٹیگری کے لحاظ سے معلومات کو فلٹر کر سکتے ہیں۔
- **MEDICARE1800** ایپ دنیا بھر میں ہر اس جگہ چلتی ہے جہاں آپ کو انٹرنیٹ مہیا ہو۔

کیا My Health Record کے تمام فیچرز اس ایپ میں دستیاب ہیں؟

کچھ فیچرز ایک جیسے ہیں۔ آپ myGov) کے ذریعے) My Health Record اور **MEDICARE1800** دونوں میں صحت کی اہم ترین معلومات دیکھ سکتے ہیں۔ اس میں کلینیکل دستاویزات، Medicare کی دستاویزات اور وہ اہم معلومات شامل ہیں جو آپ نے شامل کی ہوں۔ اگر آپ کسی شخص کے نامزد یا آتھرائزڈ نمائندے ہیں تو آپ اس کا ریکارڈ بھی دیکھ سکتے ہیں۔

تاہم فی الحال آپ **MEDICARE1800** استعمال کرتے ہوئے معلومات شامل نہیں کر سکتے اور نہ ہی ریکارڈ کی کچھ سیٹنگز طے کر سکتے ہیں۔ آپ کو معلومات شامل کرنے یا اپنے ریکارڈ کی سیٹنگز طے کرنے کے لیے myGov کے ذریعےMy Health Record کو استعمال کرنا چاہیے۔

ایپ کے سیکیورٹی فیچرز کیا ہیں؟

MEDICARE1800 محفوظ اور سیکیور ہے۔ آپ اپنی ڈیوائس کی سیکیورٹی کے علاوہ ایپ پر 6 ہندسوں کا PIN بھی لگا سکتے ہیں۔ کسی اور کے ساتھ اپنی ڈیوائس شیئر کرنے سے پہلے ایپ سے لاگ آؤٹ کرنا یاد رکھیں۔ اس طرح آپ اپنی معلومات کی رازداری اور سیکیورٹی برقرار رکھ سکتے ہیں۔

اگر آپ کو **MEDICARE1800** ایپ کی سیکیورٹی کے متعلق کوئی اور خدشہ ہو تو آپ کو اپنا PIN فوراً بدل لینا چاہیے۔ آپ ایپ کے اکاؤنٹ پیج پر اپنا PIN بدل سکتے ہیں۔ اگر آپ کو **MEDICARE1800** ایپ کو استعمال کیے 5 منٹ سے زیادہ گزر جائیں تو ایپ خود بخود آپ کو لاگ آؤٹ کر دے گی۔

ہم MEDICARE1800 ایپ سے کیا ڈاؤن لوڈ اور شیئر کر سکتے ہیں؟

MEDICARE1800 ایپ آپ کے لیے My Health Record سے اپنے موبائل فون پر ڈاکومنٹس ڈاؤن لوڈ کرنا ممکن بناتی ہے۔ آپ ویکسینیشن کے ثبوت اور خون کے ٹیسٹوں کے نتائج جیسے کلینیکل ڈاکومنٹس ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ آپ انہیں اپنے فون میں سٹور کر سکتے ہیں۔ **MEDICARE1800** ایپ آپ کے لیے دوسرے لوگوں یا اداروں کے ساتھ ڈاکومنٹس شیئر کرنا بھی ممکن بناتی ہے۔ جب بھی آپ کچھ شیئر کرنے کے لیے ایپ استعمال کریں گے، آپ کو ایک پاپ اپ نوٹیفیکیشن ملے گی۔ اس طرح آپ کو اپنی معلومات شیئر کرتے وقت محتاط رہنے کی یاد دہانی ہو جائے گی۔

ہم MEDICARE1800 ایپ کہاں سے حاصل کر سکتے ہیں؟

آپ گوگل پلے (اینڈرائڈ ڈیوائسز کے لیے) یا ایپ سٹور (ایپل ڈیوائسز کے لیے) میں 'gov MEDICARE1800' سرچ کر کے ایپ ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔ ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے کیو آر کوڈ سکین کریں۔

اضافی وسائل اور مدد

MEDICARE1800 کا ویب پیج https://www.digitalhealth.gov.au/1800MEDICAREapp

MEDICARE1800 آن لائن سیکھیں:
https://training.digitalhealth.gov.au/mod/page/view.php?id=1035

My Health Record کی ہیلپ لائن
فون: 1800 723 471 (آپشن 1)، دن رات 24 گھنٹے، ہفتے کے ساتوں دن دستیاب۔

آسٹریلین ڈیجیٹل ہیلتھ ایجنسی کا رابطہ فارم: www.digitalhealth.gov.au/contact-us

تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس
فون: 131 450
ویب: www.tisnational.gov.au/Help-using-TIS-National-services/Contact-TIS-National

نیشنل ریلے سروس
فون: 1300 555 727
ویب : www.accesshub.gov.au